MUD-006

# MASTER'S DEGREE IN URDU
# ASSIGNMENT
# For
# (July 2026 and January 2027 Sessions)

## MUD-006

## (Nazeer Akbarabadi Aur Allama Iqbal
## Ka Khusoosi Mutala)

## نظیر اکبر آبادی اور علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ

Discipline of Urdu
School of Humanities
Indira Gandhi National Open University
Maidan Garhi, New Delhi-110068

# اسائن منٹ

## ایم۔اے اردو پروگرام

**عزیز طلبا/ طالبات!**

یہ امید کی جاتی ہے کہ آپ نے اپنے اس کورس کو دل لگا کر پڑھا اور سمجھا ہو گا۔ اس کی جانچ پرکھ کے لیے آپ کے اس کورس میں ایک اسائن منٹ رکھا گیا ہے۔ یہ اسائن منٹ آپ کے مطالعے اور صلاحیت کو جانچنے پرکھنے کا ایک نہایت موثر ذریعہ ہے تاکہ آپ اپنا جائزہ خود لے سکیں۔ اسائن منٹ اپنے مقررہ وقت میں جمع کرنا ضروری ہے تاکہ آپ امتحان میں بیٹھنے کے لائق ہو سکیں۔ اسائن منٹ جمع کیے بغیر آپ امتحان میں نہیں بیٹھ سکتے ہیں۔ یہ اسائن منٹ آپ کی صلاحیت میں نکھار پیدا کرے گا اور آپ کی معلومات میں اضافہ کرے گا۔ اس لیے آپ اپنے اس کورس کی اکائیوں کا بغور مطالعہ کیجیے۔ دوران مطالعہ اگر ذہن میں کوئی سوال پیدا ہو یا کچھ باتوں کو سمجھنے میں دشواری پیش آئے تو آپ اپنے اسٹڈی سنٹر جا کر اپنے کاؤنسلر سے رابطہ کیجیے۔ یہ اسائن منٹ ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ (TMA) ہے جو پورے کورس کا احاطہ کرتا ہے اور سو (100) نمبروں پر مشتمل ہے۔

**مقصد:**

اس اسائن منٹ کا مقصد یہ پتا لگانا ہے کہ آپ نے اپنے اس کورس کے تمام بلاک کی تمام اکائیوں کا مطالعہ کرتے ہوئے اسے کتنا سمجھا اور اس سے کس قدر فائدہ اٹھایا ہے۔ اس اسائن منٹ کا مقصد یہ بھی معلوم کرنا ہے کہ اس کورس کا مطالعہ کرکے آپ کی معلومات میں کس قدر اضافہ ہوا اور آپ کی صلاحیت میں کتنا نکھار پیدا ہوا ہے۔

**مشورہ:**

سوالوں کو غور سے پڑھیے اور ان نکات کو سمجھیے جن پر سوالات کی بنیاد ہے۔ ضروری باتیں نوٹ کرکے انھیں منطقی ربط کے ساتھ پیش کیجیے۔ سوالوں کے جواب کتابوں سے نقل کرنے کے بجائے اپنے الفاظ میں لکھیے۔ اکائیوں کی عبارت کو ہو بہو نقل کرنے سے گریز کیجیے۔ اپنے جوابات محتاط ہو کر تجزیاتی انداز میں لکھیے۔ ظاہر ہے کہ آپ نے دوران مطالعہ اپنے نصاب کے علاوہ دوسری کتابوں سے بھی استفادہ کیا ہو گا۔ اس لیے جوابات تحریر کرتے وقت اپنے سوالات سے متعلق اپنی بھرپور معلومات کا مظاہرہ کیجیے اور جواب دیتے وقت دوسری کتابوں

کا حوالہ بھی دے سکتے ہیں۔ اس طرح آپ کے مطالعے کی وسعت کا اندازہ ہو گا اور موضوع پر آپ کی گرفت اور گیرائی کا بھی پتا چل سکے گا۔

آپ کو اپنے جوابات کے سلسلے میں معلوم ہونا چاہیے کہ وہ

- منطقی نوعیت کے ہوں
- جملے اور پیراگراف کے درمیان ربط ہو
- خیال اور طرز تحریر میں مطابقت ہو
- سوالوں کے مطابق ہی جامع جواب تحریر کیجیے

**ہدایت:**

یاد رہے کہ سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے سے پہلے آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اسائن منٹ کی ایک کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیے تاکہ گم ہونے کی شکل میں حوالے کے لیے آپ کے پاس اپنا اسائن منٹ موجود ہو۔ ہماری نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔

**اپنا اسائن منٹ لکھنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے:**

1۔ پروگرام گائڈ میں اسائن منٹ سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کیجیے۔
2۔ اپنا نام، رول نمبر اور تاریخ کاپی کے پہلے حصہ کی بائیں جانب لکھیے۔
3۔ کاپی کے بیچ میں کورس کا نام، اسائن منٹ نمبر اور اپنے اسٹڈی سنٹر کا نام لکھیے۔
4۔ آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اگر اسائن منٹ جمع نہیں کیا تو سمسٹر کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ملے گی۔
5۔ اپنے اسائن منٹ کے لیے فل اسکیپ سائز کا کاغذ استعمال کیجیے۔
6۔ جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔
7۔ اسائن منٹ اپنی تحریر میں ہونا چاہیے۔
8۔ اسائن منٹ آپ اپنے اسٹڈی سنٹر پر جمع کیجیے۔

**آپ اپنے اسائن منٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ اس طرح پر کیجیے:**

Course Title----------------------/---------------------(اردو)کورس کا عنوان

اسائن منٹ نمبر---------------------رول نمبر-------------------------------

Name in English---------------------------/--------------------(اردو)نام

اسٹڈی سنٹر کا نام-----------------------------------------------------------

Last date for submission of Assignment

For December Examination:31st October

For June Examination: 30th April

**نوٹ:** اسائن منٹ جمع کرنے کی آخری تاریخ کے متعلق جاننے کے لیے IGNOU کی ویب سائٹ دیکھتے رہیے۔

Good Luck!

MUD-006 نظیر اکبر آبادی اور علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ

## ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ

| | |
|---|---|
| Course Code: | MUD-006 |
| Course Title: | نظیر اکبر آبادی اور علامہ اقبال کا خصوصی مطالعہ |
| Assignment Code: | MUD-006/MAUD/TMA/ July 2026-Jan 2027 |
| Coverage: | All Blocks |
| Marks: | 100 |

**ہدایت:- سبھی سوالوں کے جواب مطلوب ہیں اور سبھی سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔**

سوال 1۔ نظیرؔ اکبر آبادی کے عہد کی سیاسی، سماجی اور ادبی صورت حال پر اظہار خیال کیجیے۔ (20)

یا

نظیرؔ اکبر آبادی کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

سوال 2۔ عصر حاضر میں نظیرؔ اکبر آبادی کی معنویت و انفرادیت سے بحث کیجیے۔ (20)

یا

نظیرؔ اکبر آبادی کی نظم 'بنجارہ نامہ' پر اظہار خیال کیجیے۔

سوال 3۔ علامہ اقبال کی تصانیف کا تعارف پیش کیجیے۔ (20)

یا

علامہ اقبال کے نظریۂ عشق اور نظریۂ عقل سے مفصل بحث کیجیے۔

سوال 4۔ علامہ اقبال کی رباعی نگاری اور قطعہ نگاری کا جائزہ لیجیے۔ (20)

یا

عصر حاضر میں علامہ اقبال کی معنویت و انفرادیت پر ایک مضمون لکھیے۔

سوال5۔ علامہ اقبال کی خطبات نگاری کا جائزہ لیجیے۔ (20)

یا

علامہ اقبال کی نظم 'خضر راہ' پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔